NYC Consumer and Worker Protection

**ہم 24/7 سروس پیش کرتے ہیں۔**

**آن لائن ہوں:**

**nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
اپنے لائسنس کی درخواست آن لائن جمع کرانے کے لیے ہدایات کی خاطر درخواست دیں پر کلک کریں۔

یا

**QR کوڈ اسکین کریں:**

# سیکنڈ ہینڈ ڈیلر جنرل لائسنس کی درخواست کی چیک لسٹ

## سیکنڈ ہینڈ ڈیلر جنرل لائسنس کس کے پاس ہونا ضروری ہے؟

ایسا شخص یا کاروبار جو، آٹوموبائلس کے سوا اشیاء نیو یارک سٹی میں خریدتا یا بیچتا ہے اس کے پاس سیکنڈ ہینڈ ڈیلر جنرل لائسنس ہونا ضروری ہے۔

یہ وضاحت صرف اس امر کی عمومی وضاحت ہے کہ سیکنڈ ہینڈ ڈیلر جنرل لائسنس کس کے پاس ہونا ضروری ہے۔

*استثناء*: گیراج سیلز اور غیر منفعتی تنظیموں کے لیے ضروری نہیں ہے کہ سیکنڈ ہینڈ ڈیلر جنرل لائسنس رکھیں۔

## لائسنس کے تقاضے

**محکمہ برائے صارف اور کارکن کا تحفظ (Department of Consumer and Worker Protection, DCWP) آپ کی درخواست مسترد کر دے گا اگر آپ مطلوبہ دستاویزات اور معلومات فراہم کرنے میں ناکام رہتے ہیں:**

- ☐ **بنیادی لائسنس کی درخواست**

- ☐ **سیلز ٹیکس کا شناختی نمبر یا درخواست کی تصدیق کا نمبر**
  سیلز ٹیکس وصول کرنے کی خاطر سرٹیفکیٹ آف اتھارٹی کے لیے درخواست دینے کے لیے، www.businessexpress.ny.gov ملاحظہ کریں۔

NYC Consumer and Worker Protection

☐ **$1,000 تعمیلی بونڈ کی کاپی، صحیح سے دستخط شدہ**
بونڈ کی کاپی پر سرٹیفکیٹ ہولڈر کے بطور سٹی آف نیو یارک کا نام ہونا ضروری ہے۔ آپ کا کارپوریٹ نام، کاروبار کر رہے ہیں بطور (Doing-Business-As, DBA) نام (اگر کوئی ہو)، اور احاطے کا پتہ تمام دستاویزات پر بالکل وہی ہونا ضروری ہے۔ آپ پر بونڈ کی وصولیابی کی کاپی جمع کرانا بھی لاوم ہے جو دکھاتا ہو کہ بونڈ کی پوری ادائیگی ہو گئی ہے اور لائسنس کی مدت کے اختتام سے پہلے اس کی میعاد ختم نہیں ہوتی ہو۔

بونڈنگ کمپنیوں کی ایک فہرست nyc.gov/dcwp پر دستیاب ہے۔ "بونڈنگ کمپنیاں" تلاش کریں۔ DCWP پر موجود ویب سائٹ کی فہرست جامع نہیں ہے، اور DCWP کسی خاص بونڈنگ کمپنی کی تائید یا سفارش نہیں کرتا ہے۔

☐ **فنگر پرنٹس اور پروسیسنگ فیس**
سبھی کلی پروپرائٹرز، جنرل پارٹنرز، کارپوریٹ آفیسر، پرنسپلز، ڈائریکٹرز، مبران، اور کمپنی کے اسٹاک کے 10% سے زائد کی ملکیت رکھنے والے شیئر ہولڈز پر فنگر پرنٹ کروانے کے لیے IdentoGO کے ساتھ ایک اپائنٹمنٹ طے کرنا لازم ہے:

- **https://uenroll.identogo.com** ملاحظہ کریں
- داخل کریں:
  - **سروس کوڈ**. داخل کریں: 1585KT
  - **ایجنسی ID**. درخواست نمبر سے صرف اعداد داخل کریں۔ درخواست نمبر آن لائن درخواست دیتے وقت آپ کی رسید یا تصدیقی خط پر ہوتا ہے۔ *مثال: درخواست نمبر AHIC-1234567-2023 کے لیے، ایجنسی ID کے بطور صرف 12345672023 داخل کریں۔*
- ہدایات پر عمل کریں اور مطلوبہ فیس (فیسیں) ادا کریں۔

**اہم:**

- جس شخص کے لیے بھی فنگر پرونٹ کروانا مطلوب ہو اسے یہ تقاضا مکمل کرنے کے لیے جتنی جلدی ممکن ایک اپائنٹمنٹ طے کرنی چاہیے۔

☐ **توثیق کرنے کا اختیار دینا**
اگر لائسنس درخواست دہندہ کے علاوہ کوئی شخص یہ درخواست تیار کرے اور جمع کرائے تو مطلوب ہے۔ درخواست دہندہ پر لائسنس کی درخواست اور سبھی متعلقہ فارموں پر دستخط کرنا لازم ہے۔

Consumer and Worker Protection

☐ لائسنس فیس

| **لائسنس دورانیہ:**<br>2 سال | **اختتامی تاریخ:**<br>31 جولائی طاق سال | **لائسنس فیس:** | |
|---|---|---|---|
| **اگر آپ اپنی فائل ان تاریخوں کے بیچ دائر کرتے ہیں:** | | **اختیار 1** | **اختیار 2** |
| ایک طاق سال میں 1 اگست سے ایک جفت سال میں 31 جنوری تک | | اگلے طاق سال کی 31 جولائی کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$340** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 24 ماہ کے لیے درست ہے۔)* | |
| ایک جفت سال میں 1 فروری سے ایک طاق سال میں 31 جولائی تک | | اگلے طاق سال کی 31 جولائی کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$255** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 18 ماہ کے لیے درست ہے۔)* | |
| ایک جفت سال میں 1 اگست سے ایک طاق سال میں 31 جنوری تک | | اگلے یا اسی طاق سال کی 31 جولائی کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$170** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 12 ماہ کے لیے درست ہے۔)* | |
| ایک طاق سال میں 1 فروری سے ایک طاق سال میں 31 جولائی تک | | اسی طاق سال کی 31 جولائی کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$85** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 6 ماہ کے لیے درست ہے۔)* | اگلے طاق سال کی 31 جولائی کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$425** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 30 ماہ کے لیے درست ہے۔)* |

ادائیگی کریں بذریعہ:

☐ کریڈٹ کارڈ (صرف Visa، MasterCard، American Express، Discover Card)
*(آن لائن یا بذات خود)*
آپ سے ایک ناقابل واپسی2% کنوینیئس فیس وصول کیا جائے گا۔

☐ eCheck (*آن لائن*)

☐ چیک یا منی آرڈر جو DCWP کو واجب الادا ہو (*بذات خود یا بذریعہ ڈاک*)

Consumer and Worker Protection

## بزنس سرٹیفکیٹ کے بارے میں اہم پیغام

آپ کے کاروبار کی قانونی ساخت کی بنیاد پر آپ کے پاس ایک قابل اطلاق بزنس سرٹیفکیٹ ہونا ضروری ہے۔ یوں تو DCWP آپ کی درخواست کو پروسیس کرنے کے لیے آپ کے بزنس سرٹیفکیٹ کی جمع آوری کا تقاضا نہیں کرتا ہے، مگر DCWP نیو یارک سٹی کے انتظامی ضابطہ کے سیکشن 104-20 کے تحت اس دستاویز کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

خود اپنے نام کے سوا کسی اور نام سے کام کرنے والے کلی پروپرائٹرز کے پاس بزنس/مفروضہ نام کا سرٹیفکیٹ ہونا لازم ہے۔

پارٹنرشپس کے پاس پارٹنرشپس سرٹیفکیٹ اور، اگر قابل اطلاق ہو تو، آپ کے کاروبار کے لیے ایک مفروضہ نام کا سرٹیفکیٹ ہونا لازم ہے۔

کارپویشنز، لمیٹڈ پارٹنرشپس، لمیٹڈ لائبلیٹی کمپنیز، یا لمیٹڈ لائبلیٹی پارٹنرشپس کے لیے نیو یارک اسٹیٹ کے ڈویژن آف کارپوریشنز کے پاس رجسٹرڈ ہونا اور فعال رہنا ضروری ہے۔ آپ اپنا اسٹیٹس www.dos.ny.gov/corps پر چیک کر سکتے ہیں۔

## سٹی یا ریاست کی اضافی پرمٹس/لائسنسز/کلیئرنسز جن کی آپ کو ضرورت پڑ سکتی ہے

اگر آپ کا یا آپ کے کاروبار کا ارادہ سیل فونز، آڈیو ایکوپمنٹ، ویڈیو ایکوپمنٹ، فوٹوگراف ایکوپمنٹ، کمپیوٹر یا کمپیوٹر ایکوپمنٹ، یا کیلکولیٹرز فروخت کرنے کا ہے تو، آپ سے DCWP سے *الیکٹرانک اسٹور* لائسنس حاصل کرنے کا بھی تقاضا کیا جاتا ہے۔

اگر آپ کا یا آپ کے کاروبار کا ارادہ مرمت یا سروس کرنے، یا کہیں اور مرمت یا سروس کے لیے قبول کرنے کا ہے، الیکٹرانک ایکوپمنٹ اور/یا گھریلو اپلائنسز، تو آپ پر *الیکٹرانک اور ہوم اپلائنس سروس ڈیلر* لائسنس بھی DCWP سے حاصل کرنا ضروری ہے۔

اگر آپ کا یا آپ کے کاروبار کا ڈیپازٹ یا ذاتی پراپرٹی کے وعدے پر پیسے ادھار دینے کا ہے تو، آپ پر DCWP سے *پیون بروکر* لائسنس حاصل کرنا لازم ہے۔

اگر آپ یا آپ کے کاروبار کا ارادہ سیکنڈ ہینڈ آٹوموبائلز خریدنے، بیچنے یا اس کی ٹریڈ انز کو قبول کرنا ہے تو، آپ پر DCWP سے *سیکنڈ ہینڈ ڈیلر آٹو* لائسنس حاصل کرنا لازم ہے۔

## سوالات ہیں؟ ہم مدد کے لیے حاضر ہیں!

- **ای میل:** onlineappsdocs@dcwp.nyc.gov
- **فون:** 4060-487 (212)۔ (پیر تا جمعہ 8 بجے صبح تا 4 بجے شام)

مفت ترجمانی کی خدمات آن سائٹ دستیاب ہیں۔ معذوری سے متعلق سہولت کی درخواست کرنے کے لیے، nyc.gov/dcwp ملاحظہ کریں اور "accommodations" تلاش کریں یا DCWP کے معذور امریکیوں سے متعلق ایکٹ (ADA) کے کوآرڈینیٹر کو
DCWPADACoordinator@dcwp.nyc.gov پر ای میل کریں۔

Consumer and Worker Protection

## اضافی وسائل برائے سیکنڈ ہینڈ ڈیلر جنرل

- جو قوانین اور اصول آپ کے کاروبار کو متاثر کرتے ہیں ان کے لیے **nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
- **معائنے کی چیک لسٹ کے لیے: سیکنڈ ہینڈ ڈیلرز، nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
- آپ کا کاروبار کھولنے، اسے آپریٹ کرنے، اور بڑھانے میں مدد کی خاطر وسائل کے لیے، **nyc.gov/business** ملاحظہ کریں۔